## سوال

عقائد

## جواب

مختار کل کا معنی و مفہوم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مختار کل کی تعریف کریں ؟ کیا نبی اکرم ﷺ مختار کل ہیں ؟ کیا اللہ نے نبی اکرم کو اختیارات دے ہیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! مختار کل سے مراد وہ ہستی ہے جس کے پاس کائنات کے تمام اختیارات ہوں، اور وہ ہستی صرف اللہ تعالی کی ہے ۔ اس کے سوا کسی کے پاس بھی مکمل اختیارات نہیں ہے، خواہ کوئی نبی ہو، ولی ہو، فرشتہ ہو یا جن ہو۔ اس اعتبار سے نبی کریم بھی مختار کل نہیں ہیں، اور اللہ تعالی نے ان کو تمام اختیارات نہیں دیئے ہیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث